# SAMPLE QUESTION PAPER

## September 2011

## Urdu Course - B

## Class : X

**M.M.: 80** **Time : 3 hrs**

## (حصہ -الف)

1. درج ذیل غیر درسی عبارت کو پڑھیے اور اس سے متعلق سوالات کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کی نشان دہی کیجیے۔ 4

عام بول چال کی کہاوت ''جب تک سانس تب تک آس'' اپنی معونت اپنے مفہوم کے لحاظ سے بہت بڑی اہمیت رکھتی ہے۔ زندگی کے ہر شعبے میں اس کی کارفرمائی یکساں اور اپنی نوعیت کی منفرد قوت رکھتی ہے۔ پیہم ناکامیوں اور بڑی سے بڑی شکستوں کے باوجود اُمید کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوٹتا۔ انسان کا دل خوش کُن خیالات کی بھول بھلیوں میں ٹھوکریں کھاتا اور منہ کے بل گرتا ہے، پھر بھی بے آس نہیں ہوتا۔ امید کے سہارے دامن جھاڑ کر اُٹھ کھڑا ہوتا ہے اور اپنی چوٹوں کو سہلا کے آگے بڑھتا ہے۔ وہ حتی الامکان شکست تسلیم کرنے پر آمادہ نظر نہیں آتا۔ بستر پر بھی لیٹا لیٹا اپنی شکست کو فتح میں تبدیل کرنے کے منصوبے بناتا ہے، وہ جانتا ہے کہ زندگی کی جدوجہد میں ہزاروں ٹھوکریں کھانی پڑتی ہیں۔ سب کچھ ہوتا ہے لیکن کسی قیمت پر بھی نا امیدی کو اپنے قریب پھٹکنے نہیں دیتا۔ اگر امید کا جذبہ نہ ہوتا تو ہم سے زیادہ بدتر حالت کسی کی نہ ہوتی۔

کیا ضروری ہے کہ ساری عمر ناکامیوں اور نامرادیوں ہی کا منہ دیکھنا پڑے؟ کیوں نہ اپنے خیالات کا جائزہ لے کر اور کوشش وجستجو کے تمام ذرائع پر نظرثانی کرنے کے ایک نئے عزم اور نئے حوصلے سے کام لیں کیونکہ نراشا یا نا اُمیدی موت ہے۔ اس لئے جب تک سانس آتی جاتی ہے، زندگی باقی ہے، اس وقت تک آس بھی رکھنی چاہیے۔

(i) اس عبارت میں کس کہاوت کا ذکر کیا گیا ہے؟

(a) جب تک سانس تب تک آس

(b) جب تک آس تب تک سانس

(c) جب تک سانس تب تک آس نہیں

(d) جب تک آس تب تک سانس نہیں

(ii) انسان ٹھوکریں کھا کر، منہ کے بل گر کر پھر بھی بے آس کیوں نہیں ہوتا؟

(a) کیونکہ وہ شکست تسلیم کر لیتا ہے

(b) کیونکہ وہ ناکامیوں سے ہار جاتا ہے

(c) کیونکہ اس میں امید کا جذبہ ہوتا ہے

(d) کیونکہ وہ ناامید ہو جاتا ہے

(iii) اگر امید کا جذبہ نہ ہوتا تو کیا ہوتا؟

(a) مندرجہ بالا تینوں جواب صحیح

(b) ہم زیادہ بہتر حالت میں ہوتے

(c) سب اچھی حالت میں ہوتے

(d) ہم زیادہ بدتر حالت میں ہوتے

(iv) نراشا یا ناامیدی کیا ہے؟

(a) زندگی ہے

(b) زندگی اور موت دونوں

(c) موت ہے

(d) ان میں سے کچھ بھی نہیں

2. درج ذیل اشعار پڑھیے اور ان سے متعلق جو سوالات دیے گئے ہیں ان کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کی نشان دہی کیجیے۔ 4

چلا ستارہ سحر سنا کے صبح کی خبر
زمین پہ نور چھا گیا فلک پہ رنگ آ گیا
تمام زادگانِ شب چمک دَمک کے سو گئے
شرار آسمان شب دَمک دَمک کے سو گئے

(i) کون صبح کی خبر دے کر چلا گیا؟

(a) نورِ زمین

(b) زادگانِ شب

(c) ستارہ سحر

(d) آسمانِ شب

(ii) زادگانِ شب سے کیا مراد ہے؟

(a) شاگرد

(b) ستارے

(c) سورج

(d) چاند

(iii) 'فلک' کا مترادف لکھیے

(a) زمین

(b) آسمان

(c) کائنات

(d) سحر

(iv) شعر مکمل کیجیے۔ شرارِ آسمان شب ..................

(a) دَمک دَمک کے اٹھ گئے

(b) دَمک دَمک کے نظر آنے لگے

(c) دَمک دَمک کے جاگ گئے

(d) دَمک دَمک کے سو گئے

3. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے : 8

(i) بڑھاؤ آپس میں مِلت زیادہ

(ii) گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں

(iii) تاج محل

4. پرنسپل کے نام سیکشن تبدیل کرنے کے لیے درخواست لکھیے۔ 8

**یا**

پوسٹ ماسٹر کے نام ایک خط لکھیے جس میں ڈاک برابر نہ ملنے کی شکایت کیجیے۔

5. درج ذیل جملوں میں زمانۂ حال، زمانۂ ماضی اور زمانۂ مستقبل تلاش کر کے لکھیے۔ 4

(i) میرے اردگرد کچھ لوگ جمع تھے۔

(ii) اکبر پانی پی رہا ہے۔

(iii) میں کل دِلّی جاؤں گا۔

(iv) آج بارش ہو رہی ہے۔

6. درج ذیل واحد کی جمع اور جمع کے واحد لکھیے: 4

| | | | |
|---|---|---|---|
| احسان | افواج | ذخیرہ | روح |
| انسان | تدابیر | ذرّے | خطوط |

7. درج ذیل الفاظ کے متضاد لکھیے: 4

| | | | |
|---|---|---|---|
| سچائی | نیک | نزدیک | محبت |
| دشمن | بہتر | شکست | بہادر |

8. درج ذیل الفاظ میں مذکر اور مؤنث چھانٹ کر لکھیے: 4

| | | | |
|---|---|---|---|
| راستہ | تعلیم | موقع | قوم |
| مصیبت | خوف | محنت | رکاوٹ |

9. ''غیر ضروری'' میں 'غیر' سابقہ ہے اور ''خطرناک'' میں 'ناک' لاحقہ ہے۔ آپ بھی 'غیر' اور 'ناک' لگا کر چار چار الفاظ لکھیے۔ 4

10. درج ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے (صرف چار): 4

| | | |
|---|---|---|
| باغ باغ ہونا | ہوا سے باتیں کرنا | پھوُلے نہ سمانا |
| آگ بگولہ ہونا | پانی پانی ہونا | آنکھ کا تارا ہونا |

## (حصہ-ب)

12. درج ذیل اقتباسات کو بغور پڑھیے اور ان میں سے کسی ایک اقتباس سے متعلق سوالات کے جواب لکھیے: 6

ناولوں میں بے تکلف دوستوں کی بڑی دلچسپ مثالیں ملتی ہیں۔ تھیکرؔے ایک کردار کا ذکر کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ یہ صاحب جس دوست کے پاس ٹھہرتے تھے رخصت ہوتے وقت اس سے ایک قمیض

ضرور مستعار لیا کرتے تھے۔ ہمارے ایک دوست اس معاملے میں تھیکرے کے اس کردار سے بازی لے گئے ہیں۔ وہ صرف قمیض پر اکتفا نہیں کرتے۔ ساری پوشاک کا مطالبہ کرتے ہیں۔ عموماً ٹیکسی میں سوار ہوکر ہمارے یہاں تشریف لاتے ہیں اور کمرے میں داخل ہوتے ہی فرماتے ہیں۔ ''پانچ روپے کا ایک نوٹ نکالیے۔ ڈرائیور کو دفع کرلوں۔ پھر باتیں کریں گے۔'' یہ حضرت ہمیشہ ہماری عدم موجودگی میں واپسی کا کرم کرتے ہیں اور وداع ہوتے وقت نوکر سے کہہ جاتے ہیں ''وہ آئیں تو انھیں کہہ دیجیے گا کہ میں ان کا گرم کوٹ، خاکی ٹائی اور کالی پتلون ساتھ لے جا رہا ہوں۔ چند دن استعمال کرکے واپس کردوں گا۔''

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کون ہیں؟

(ii) تھیکرے نے جس کردار کا ذکر کیا ہے وہ رخصت ہوتے وقت اپنے دوست سے کیا لیا کرتا تھا؟

(iii) مصنف کے دوست ٹیکسی ڈرائیور کو کتنے روپے دینے کو کہتے ہیں؟

(iv) کوٹ، ٹائی اور پتلو قواعد کی رو سے کیا ہیں؟

**یا**

اکبر بادشاہ مغلوں کا بہت مشہور بادشاہ گزرا ہے۔ اس نے لڑائیاں لڑکر ہندوستان کا بہت سا حصّہ فتح کرلیا تھا۔ ایک راجپوتانہ رہ گیا تھا، اکبر نے چاہا کہ اسے بھی فتح کرلے اور وہاں بھی سلطنت کرے۔ یہ ارادہ کرکے راجپوتانہ پر فوج کشی کی۔ راجپوت اپنا ملک بچانے کے لیے لڑے تو بڑی بہادری سے مگر آخر کار ان کے پاؤں اُکھڑ گئے۔ راجپوتوں کا سردار رانا پرتاپ سنگھ اپنے بال بچّوں کو لے کر کسی جنگل میں جا چھپا۔

راجپوتوں کے ایک سردار کا نام رگھوپت تھا۔ یہ بڑا بہادر اور جَری تھا۔ اس نے کچھ لوگ اپنی فوج میں داخل کر لیے تھے اور ان کو ساتھ لے کر لڑا کرتا تھا۔ اس نے بہادری میں ایسا نام پیدا کرلیا تھا کہ بڑے بڑے مغل اس کا نام سن کر گھبرا جاتے۔

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کون ہیں؟

(ii) اکبر کس خاندان کا بادشاہ تھا؟

(iii) راجپوتوں کا سردار رانا پرتاپ سنگھ اپنے بال بچوں کے ساتھ کہاں جا چھُپا؟

(iv) بڑے بڑے مُغل کس وجہ سے رگھوپت کا نام سُنتے ہی گھبرا جاتے تھے؟

13. درج ذیل میں سے صرف تین سوالات کے جواب لکھیے: 6

(i) لین شو نے بی بی سے کیا قیاس آرائی کی؟

(ii) اُتر بھارت میں کون سی پراکرت بولی جاتی تھی؟

(iii) ''اے ذوق تکلف میں ہے تکلیف سراسر'' اس مصرعے میں شاعر کیا کہنا چاہتا ہے؟

(iv) اردو کہاں پیدا ہوئی اور کس زبان سے نکلی ہے؟

14. ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کی حالاتِ زندگی پر مختصر نوٹ لکھیے۔ 4

**یا**

پانی کی آلودگی پر مختصر نوٹ لکھیے۔

15. درج ذیل اشعار پڑھیے اوران میں سے کسی ایک سے متعلق سوالات کے جوابات لکھیے: 6

ہستی اپنی حباب کی سی ہے — یہ نمائش سراب کی سی ہے
نازُکی اس کے لب کی کیا کہیے — پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے
بار بار اُس کے در پہ جاتا ہوں — حالت اب اضطراب کی سی ہے
میں جو بولا، کہا کہ یہ آواز — اُسی خانہ خراب کی سی ہے

(i) اس غزل کے شاعر کا نام لکھیے۔

(ii) لب کو کس چیز سے تشبیہہ دی گئی ہے؟

(iii) انسانی زندگی کی حقیقت کیا ہے؟

(iv) شاعر اضطراب کی حالت میں کیوں ہے؟

**یا**

لائی حیات، آئے، قضا لے چلی، چلے — اپنی خوشی نہ آئے، نہ اپنی خوشی چلے
ہو عمرِ خضر بھی تو کہیں گے بہ وقتِ مرگ — ہم کیا رہے یہاں، ابھی آئے، ابھی چلے
کم ہوں گے اس بساط پہ ہم جیسے بدقمار — جو چال ہم چلے سو نہایت بُری چلے
بہتر تو ہے یہی کہ نہ دنیا سے دل لگے — پر کیا کریں جو کام نہ بے دل لگی چلے

(i) اس غزل کے شاعر کا نام لکھیے۔

(ii) ''ابھی آئے، ابھی چلے'' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(iii) دنیا سے دل لگانے کے کیا معنی ہیں؟

(iv) شعر مکمل کیجیے: کم ہوں گے اس بساط پہ ہم جیسے بدقمار.........................

16. درج ذیل میں سے صرف دو سوالات کے جواب لکھیے: 6

(i) انسانی زندگی کی حقیقت کیا ہے؟

(ii) دل میں فروتنی کو جگہ کون دیتا ہے؟

(iii) ''کچھ دیر نہیں اندھیر نہیں'' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(iv) شاعر نے دنیا کو سرائے فانی کیوں کہا ہے؟

17. درج ذیل میں سے صرف ایک نظم کا مرکزی خیال شاعر کے نام کے ساتھ لکھیے: 4

(i) نیکی اور بدی

(ii) حمد

• • •